انا مدینة العلم و علی بابها

سلسلۂ نصابِ تعلیم تنظیم المکاتب

امامیہ

# دینیات

اطفال

شائع کردہ

تنظیم المکاتب گولہ گنج لکھنؤ ۱۸

# عرض تنظیم

امامیہ دینیات اطفال کا جدید ایڈیشن آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

اس ضرورت کا احساس شدت سے کیا جارہا تھا کہ آغاز تعلیم میں بچوں کے پاس ایسی کتاب ہونا چاہئے کہ جوان کے تعلیمی نصاب سے متعلق دیگر کتب کی طرح دیدہ زیب وجاذب نظر ہو۔ امامیہ عربی قاعدہ کے بعد اب امامیہ دینیات اطفال کو بھی بہتر شکل وصورت میں شائع کیا جارہا ہے۔ اسباق کا مفہوم سمجھانے کے لئے حتی الامکان تصاویر سے مدد لی گئی ہے تاکہ بچہ صرف الفاظ کورٹ نہ لے بلکہ اس کے دماغ میں کسی حد تک تصور بھی آسکے۔

مدرسین کرام سے گذارش ہے کہ مندرجہ ذیل باتوں کا لحاظ رکھیں:

★ سبق صرف یاد نہ کرایا جائے بلکہ سمجھایا بھی جائے۔

★ ہر سبق سے پہلے سبق کا عنوان درج کردیا گیا ہے بچوں کو اس طرح پڑھایا جائے کہ سبق کے ساتھ ساتھ سبق کا مقصد بھی ذہن نشین ہوجائے۔

★ دیکھنے میں آیا ہے کہ بعض مدرسین ابتدائی درجات کے اسباق یاد کرانے کے لئے دوسرے بچوں کے حوالہ کر دیتے ہیں یہ مناسب نہیں ہے۔ خود مدرس کو سبق پڑھانا چاہئے اور یاد کرانا چاہئے تاکہ بچے آغاز سے ہی غلط یاد نہ کریں۔

★ ذوق تعلیم وتدریس رکھنے والے مومنین بالخصوص مدرسین کرام سے گذارش ہے کہ نصاب مکاتب امامیہ کو مزید بہتر بنانے کے لئے اپنی تجاویز سے مطلع فرمائیں۔ آپ کی تجاویز ہمارے لئے مشعل راہ ہیں۔

والسلام
سید صفی حیدر
سکریٹری

نام کتاب : دینیات اطفال

سنہ طباعت : نومبر ۲۰۱۹ء

تعداد : تیس ہزار

قیمت : Rs. 22/-

تمام نشریات و مطبوعات و کتب ادارۂ تنظیم المکاتب کے جملہ حقوق طباعت بحق ادارۂ تنظیم المکاتب محفوظ ہیں۔ بغیر اجازت کل یا جزکی اشاعت پر قانونی چارہ جوئی لکھنؤ عدالت میں کی جا سکتی ہے۔ ادارہ

پہلا سبق

**بچو!**

ہر کام سے پہلے

**بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ**

کہنا چاہئے اور

زندگی کے تمام کاموں میں برکت کے لئے

**صلوات**

بھیجنا چاہئے

**اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ**

اے میرے اللہ!

محمدؐ اور آل محمدؐ پر رحمت نازل کر

دوسرا سبق

# کلمہ

## لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے

## مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ


حضرت محمد صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں

## عَلِیٌّ وَّلِیُّ اللّٰہِ وَوَصِیُّ رَسُوْلِ اللّٰہِ

حضرت علی علیہ السلام اللہ کے ولی اور رسول کے وصی اور ان کے

## وَخَلِیْفَتُہٗ بِلَا فَصْلٍ

بلا فاصلہ جانشین ہیں



تیسرا سبق

# اصول دین

**یعنی**

دین کی جڑیں پانچ ہیں



اول **توحید**



دوسرے **عدل**



تیسرے **نبوت**

چوتھے **امامت**



پانچویں **قیامت**

چوتھا سبق

# فروع دین

## یعنی
## دین کی شاخیں دس ہیں



اول — نماز



دوسرے — روزہ



تیسرے — حج



چوتھے — زکوٰۃ

پانچویں — خمس



چھٹے — جہاد





ساتویں — نیکی کی ہدایت کرنا



آٹھویں — برائی سے روکنا



نویں — خدا، رسول اور امام سے محبت کرنا



دسویں — خدا، رسول اور امام کے دشمنوں سے نفرت کرنا



پانچواں سبق

# بارہ امام



**پہلے امام** حضرت علی مرتضیٰ علیہ السلام



**دوسرے امام** حضرت حسن مجتبیٰ علیہ السلام



**تیسرے امام** حضرت حسین سید الشہداء علیہ السلام



**چوتھے امام** حضرت علی زین العابدین علیہ السلام



**پانچویں امام** حضرت محمد باقر علیہ السلام



**چھٹے امام** حضرت جعفر صادق علیہ السلام

ساتویں امام حضرت موسیٰ کاظم علیہ السلام



آٹھویں امام حضرت علی رضا علیہ السلام



نویں امام حضرت محمد تقی علیہ السلام



دسویں امام حضرت علی نقی علیہ السلام



گیارہویں امام حضرت حسن عسکری علیہ السلام



بارہویں امام حضرت مہدی آخر الزماں علیہ السلام



**اللّٰھم صل علیٰ محمدٍ وّآل محمدٍ**

چھٹا سبق

# ہمارا عقیدہ

**اللہ** ایک ہے



**پنجتن** پانچ ہیں




**امام** بارہ ہیں




**معصوم** چودہ ہیں




نبی

ایک لاکھ
چوبیس ہزار ہیں




رسول

تین سو تیرہ ہیں



بڑے رسول

پانچ ہیں




آسمانی کتابیں

چار ہیں



کربلا کے شہید

بہتر ہیں



ساتواں سبق

# ہمارا دین

اللہ؟ ہمارا خدا ہے



اسلام؟ ہمارا دین ہے



حضرت محمد مصطفیٰؐ؟ ہمارے آخری رسول ہیں



قرآن؟ ہماری کتاب ہے



کعبہ؟ ہمارا قبلہ ہے




بارہ امام؟ ہمارے رہبر ہیں




علم؟ ہمارا نشان ہے



محبت اہلبیت؟ ہماری پہچان ہے



ہم؟ شیعہ اثنا عشری ہیں



آٹھواں سبق

# ہمارے فرائض

| | |
|---|---|
| نماز | روزانہ پانچ مرتبہ واجب ہے |
| روزہ | ماہ رمضان میں واجب ہے |
| حج | تمام عمر میں ایک بار واجب ہے |
| زکوۃ | نو چیزوں پر واجب ہے |
| خمس | سات چیزوں پر واجب ہے |

**جہاد**

بنیؑ یا امامؑ کی اجازت ضروری ہے کے لئے

**نیکی کی ہدایت کرنا**

ہر مسلمان پر واجب ہے

**برائی سے روکنا**

ہر مسلمان پر واجب ہے

**ہم**

اہلبیتؑ کے دوستدار ہیں اور
ان کے دشمنوں سے بیزار ہیں

نواں سبق

# سورۃ حمد

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

ساری تعریف اللہ کے لئے ہے جو عالمین کا پالنے والا ہے

الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝

وہ عظیم اور دائمی رحمتوں والا ہے۔ روز قیامت کا مالک ومختار ہے

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۝

پروردگارا! ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں

اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝

ہمیں سیدھے راستے کی ہدایت فرماتا رہ۔

صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۵

جو ان لوگوں کا راستہ ہے جن پر تو نے نعمتیں نازل کی ہیں

غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ

ان کا راستہ نہیں جن پر غضب نازل ہوا ہے

وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝

اور جو بھٹکے ہوئے ہیں۔

دسواں سبق

# سورہ توحید

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلۡ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ○ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ○

اے رسول کہہ دیجئے کہ وہ اللہ ایک ہے۔ اللہ برحق اور بے نیاز ہے

لَمۡ یَلِدۡ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ ○ وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ

اس کی نہ کوئی اولاد ہے اور نہ والد

کُفُوًا اَحَدٌ ○

اور نہ اس کا کوئی ہمسر ہے

# گیارہواں سبق
# سورۂ کوثر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِنَّاۤ اَعۡطَیۡنٰکَ الۡکَوۡثَرَ ۝ؕ

بے شک ہم نے آپ کو کوثر عطا کیا ہے۔

فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَ انۡحَرۡ ۝ؕ

لہٰذا آپ اپنے رب کے لئے نماز پڑھیں اور قربانی دیں۔

اِنَّ شَانِئَکَ ہُوَ الۡاَبۡتَرُ ۝ع

یقیناً آپ کا دشمن بے اولاد رہے گا۔

بارہواں سبق

# سورۂ نصر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِذَا جَآءَ نَصۡرُ اللّٰہِ وَ الۡفَتۡحُ ۙ

جب اللہ کی مدد اور فتح کی منزل آجائے گی

وَ رَاَیۡتَ النَّاسَ یَدۡخُلُوۡنَ فِیۡ

اور آپ دیکھیں گے کہ لوگ دین خدا میں فوج درفوج

دِیۡنِ اللّٰہِ اَفۡوَاجًا ۙ فَسَبِّحۡ بِحَمۡدِ رَبِّکَ

داخل ہو رہے ہیں۔ تو اپنے رب کی حمد کی تسبیح کریں اور اس سے

وَ اسۡتَغۡفِرۡہُ ؕ اِنَّہٗ کَانَ تَوَّابًا ٪

استغفار کریں کہ وہ بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔

تیرہواں سبق

# سورۂ قدر

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِنَّاۤ اَنۡزَلۡنٰهُ فِىۡ لَيۡلَةِ الۡقَدۡرِ ○ۚ

بے شک ہم نے اسے شب قدر میں نازل کیا ہے

وَمَاۤ اَدۡرٰٮكَ مَا لَيۡلَةُ الۡقَدۡرِ ○ؕ

اور آپ کیا جانیں یہ شب قدر کیا چیز ہے

لَيۡلَةُ الۡقَدۡرِ ۙ خَيۡرٌ مِّنۡ اَلۡفِ شَهۡرٍ ○ؕ

شب قدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے

تَنَزَّلُ الۡمَلٰٓٮِٕكَةُ وَالرُّوۡحُ فِيۡهَا بِاِذۡنِ

اس میں ملائکہ اور روح القدس اذن خدا کے ساتھ

رَبِّهِمۡ‌ ۚ مِنۡ كُلِّ اَمۡرٍ ○ۙ سَلٰمٌ ۛ

تمام امور کو لے کر نازل ہوتے ہیں۔ یہ رات طلوع فجر تک

هِىَ حَتّٰى مَطۡلَعِ الۡفَجۡرِ ○ࣖ

سلامتی ہی سلامتی ہے۔

چودھواں سبق

# اذان

| | |
|---|---|
| اَللّٰہُ اَکْبَرُ | چار مرتبہ |

اللہ سب سے بڑا ہے

| | |
|---|---|
| اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ | دو مرتبہ |

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے

| | |
|---|---|
| اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہُ | دو مرتبہ |

میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں

| | |
|---|---|
| اَشْھَدُ اَنَّ عَلِیًّا وَّلِیُّ اللّٰہِ وَ وَصِیُّ رَسُوْلِ اللّٰہِ وَ خَلِیْفَتُہٗ بِلَا فَصْلُ | دو مرتبہ |

میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت علی علیہ السلام اللہ کے ولی اور اس کے
رسول کے وصی اور ان کے بلا فاصلہ جانشین ہیں۔

| | |
|---|---|
| حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃُ | دو مرتبہ |

نماز کے لئے آؤ

| | |
|---|---|
| حَیَّ عَلَی الْفَلَاحُ | دو مرتبہ |

کامیابی کی طرف آؤ

| | |
|---|---|
| حَیَّ عَلٰی خَیْرِ الْعَمَلُ | دو مرتبہ |

بہترین کام کی طرف آؤ

| | |
|---|---|
| اَللّٰہُ اَکْبَرُ | دو مرتبہ |

اللہ سب سے بڑا ہے

| | |
|---|---|
| لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ | دو مرتبہ |

اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں۔

پندرہواں سبق

# اقامت

| | |
|---|---|
| اَللّٰہُ اَکْبَرُ<br>اللہ سب سے بڑا ہے | دو مرتبہ |
| اَشْهَدُ اَنْ لَآ اِلٰہَ اِلاّ اللّٰہُ<br>میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے | دو مرتبہ |
| اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّداً رَّسوُلُ اللّٰہُ<br>میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد صلَّی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں | دو مرتبہ |
| اَشْهَدُ اَنَّ عَلِيًّا وَّلِیُّ اللّٰہِ وَ وَصِیُّ رَسُوْلِ اللّٰہِ وَ خَلِیْفَتُهٗ بِلَا فَصْلُ<br>میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت علی علیہ السلام اللہ کے ولی اور اس کے رسول کے وصی اور ان کے بلا فاصلہ جانشین ہیں۔ | دو مرتبہ |
| حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃُ<br>نماز کے لئے آؤ | دو مرتبہ |
| حَیَّ عَلَی الْفَلَاحُ<br>کامیابی کی طرف آؤ | دو مرتبہ |
| حَیَّ عَلٰی خَیْرِ الْعَمَلُ<br>بہترین کام کی طرف آؤ | دو مرتبہ |
| قَدْ قَامَتِ الصَّلَاۃ<br>بے شک نماز برپا ہوگی۔ | دو مرتبہ |
| اَللّٰہُ اَکْبَرُ<br>اللہ سب سے بڑا ہے | دو مرتبہ |
| لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ<br>اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں۔ | ایک مرتبہ |